This question paper contains 4+1 printed pages]

Roll No. | | | | | | | | | | | |

S. No. of Question Paper : **3749**

Unique Paper Code : **62141101** **FC**

Name of the Paper : **Study of Modern Poetry**

Name of the Course : **B.A. (Prog.) Urdu Discipline**

Semester : **I**

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **75**

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : کل پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک انتخاب کی تشریح مع حوالہ کیجیے :

(الف)

ہوا خیمہ زن کاروانِ بہار

ارم بن گیا دامنِ کہسار

گل و نرگس و سوسن و نسترن

شہیدِ ازل لالہ خونیں کفن

جہاں چھپ گیا، پردہ رنگ میں

لہو کی ہے گردش رگِ سنگ میں

فضا نیلی نیلی ہوا میں سرور

ٹھہرتے نہیں آشیاں میں طیور

P.T.O.

وہ جوئے کہستاں اُچکتی ہوئی

اٹکتی لچکتی سرکتی ہوئی

اچھلتی، پھسلتی، سنبھلتی ہوئی

بڑے پیچ کھا کر نکلتی ہوئی

(ب)

نثار میں تری گلیوں کے اے وطن کہ جہاں

چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے

جو کوئی چاہنے والا طواف کو نکلے

نظر چرا کے چلے جسم و جاں بچا کے چلے

ہے اہل دل کے لئے اب یہ نظم بست و کشاد

کہ سنگ و خشت مقید ہیں اور سگ آزاد

بہت ہے ظلم کے دست بہانہ جو کے لئے

جو چند اہل جنوں تیرے نام لیوا ہیں

بنے ہیں اہل ہوس مدّعی بھی منصف بھی

کسے وکیل کریں کس سے منصفی چاہیں

مگر گزارنے والوں کے دن گزرتے ہیں

تیرے فراق میں یوں صبح و شام کرتے ہیں

۲۔ درج ذیل میں سے کسی ایک انتخاب کی تشریح مع حوالہ کیجئے :

(الف)

کبھی شاخ و سبزہ و برگ پر کبھی غنچہ وگل و خار پر
میں چمن میں چاہے جہاں رہوں مرا حق ہے فصلِ بہار پر
عجب انقلاب زمانہ ہے مرا مختصر سا فسانہ ہے
یہی اب جو بار ہے دوش پر یہی سر تھا زانوئے یار پر
مجھے دیں نہ غیظ میں دھمکیاں گریں لاکھ بار یہ بجلیاں
مری سلطنت یہی آشیاں مری ملکیت یہی چار پر
یہ کمال عشق کی سازشیں یہ جمال حسن کی نازشیں
یہ عنایتیں یہ نوازشیں مری ایک مشتِ غبار پر
دل گیا رونقِ حیات گئی
غم گیا ساری کائنات گئی

(ب)

بھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں
الٰہی ترکِ الفت پر وہ کیونکر یاد آتے ہیں

نہ چھیڑ اے ہم نشیں کیفیتِ صہبا کے افسانے
شرابِ بے خودی کے مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں

رہا کرتے ہیں قید ہوش میں اے وائے ناکامی
وہ دشتِ خود فراموشی کے چکر یاد آتے ہیں

نہیں آتی تو یاد ان کی مہینوں تک نہیں آتی
مگر جب یاد آتے ہیں تو اکثر یاد آتے ہیں

دلوں کو فکرِ دو عالم سے کر دیا آزاد
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

۳۔ اخترالایمان کی نظم 'یادیں' پر تبصرہ کیجئے۔

۴۔ حسرت کی شاعری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجئے۔

۵۔ نظم ''شکستِ زنداں کا خواب'' کا مرکزی خیال کیجئے۔

۶۔ جگر مرادآبادی یا اصغر گونڈوی کی شاعری کے محاسن پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ ''نظیر اکبرآبادی کی شاعری عوامی شاعری ہے۔'' اپنی رائے لکھیے۔

۸۔ فراق کی شاعری کی خصوصیات پر ایک مفصل نوٹ لکھیے۔